© rasailojaraid.com

الشريف في اختلاف الأئمة الفقهاء رضي الله عنهم ''کا ہی ترجمہ ہے۔اصل کتاب کے تعارف میں مترجم لکھتے ہیں:''......یہ کتاب دراصل قرآن وسنت کی روشنی میں تدوین فقہ اور مجتہدین کرام رحمہم اللہ تعالیٰ کی کتاب وسنت سے مسائل کے استنباط، طریقِ استدلال اور اس سلسلہ میں ان کی مساعی جمیلہ کی بہترین تصویر ہے۔متقدمین علمائے امت کی ان قابل قدر اور بارآور مخلصانہ کوششوں کی اہمیت کو ختم یا کم کرنے کی ہر زمانے میں ناکام سعی کی گئی ہے۔اس زمانے میں بھی مسلمانوں کے بعض فرقے معدودے چند فقہی مسائل کے بارے میں قرآن وسنت سے تصادم یا انحراف کے بے بنیاد شبہات میں مبتلا نظر آتے ہیں۔کتاب کے مؤلف مدظلہ نے ان شبہات کے ازالے کی ایک کامیاب کوشش کی ہے۔''

اس قدر اہم اور مفید کتاب کا ترجمہ کرنا بھی ایک عظیم خدمت ہے، جس پر فاضل مترجم مبارک باد کے مستحق ہیں۔ پھر ترجمہ بھی اس قدر شاندار کہ معلوم ہی نہیں ہوتا کہ یہ ترجمہ ہے یا مستقل تصنیف۔کتاب کی بہترین اشاعت اور معیاری کمپوزنگ وسیٹنگ پر زمزم پبلشرز بھی تحسین وتبریک کے مستحق ہیں۔امید ہے اہل علم اس کتاب کی کماحقہ پذیرائی فرمائیں گے۔

**فتاویٰ جات** : کچھ عرصہ پہلے''احمد سعید خان ملتانی''نامی ایک شخص نے''قرآن مقدس اور بخاری محدث'' کے نام سے ایک''توہین نامہ''لکھا، جس میں اس نے امام بخاریؒ کو ہدف طعن وملامت بنایا اور انتہائی گھٹیا اور نازیبا زبان استعمال کرتے ہوئے ان کی توہین وتذلیل کی اور بعض کبار محدثین امام زہریؒ، ابو حاتم رازیؒ وغیرہ حضرات پر بازاری لب ولہجہ میں نقد وجرح کی اور لعنتی، خائن، بے حیاء وغیرہ کے الفاظ لکھے۔پھر اس پر ہی بس نہیں کی، بل کہ سرور کونین حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے پاک طینت صحابہ رضی اللہ عنہم کے خلاف بھی پلید زبان استعمال کرتے ہوئے ہرزہ سرائی کی۔جس پر مؤلف ملتانی کو کچھ عرصہ توہین مقدسات کی پاداش میں جیل کی ہوا بھی کھانا پڑی، مگر قانونی سقم کی وجہ سے وہ جلد ہی رہا ہو گیا،''مؤلف ملتانی''کی اس جسارت پر کئی علماء کی طرف سے تحریری جوابات بھی دیئے گئے، کچھ طویل، بعض مختصر بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، زیر نظر کتابچہ جو ملک بھر کے موقر فتویٰ اتھارٹی رکھنے والے گیارہ اداروں وجامعات کے اس''توہین نامہ''کے خلاف فتاویٰ پر مشتمل ہے، حضرت مولانا عبدالسلام صاحب نے اس خدمت کا بیڑہ اٹھاتے ہوئے ایک مفصل استفتاء مرتب کیا، جس میں مؤلف ملتانی کی بعض ہرزہ سرائیوں کی نشان دہی کی گئی، بطور حوالہ ساتھ میں اصل کتاب بھی ارسال کی گئی۔آخر بیسیوں ثقہ علماء کی تصدیقات بھی''مؤلف ملتانی''پر مہر ضلالت ثبت کرتی ہیں۔اس کتابچہ کو فاضل مرتب کے''ادارہ تحریر جامعہ عربیہ اشاعت القرآن حضرو، اٹک'' نے شائع کیا ہے۔

**بہترین طالب علم** : **تالیف**:ابومعاویہ زین اللہ زین۔**ناشر**:دارالقرآن والسنۃ ساولڈھیر، مردان، **سائز**:23×36/16۔**صفحات**:151۔**قیمت**:درج نہیں۔



© rasailojaraid.com